© rasailojaraid.com

تبصرہ نگار: م، ا

# تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔۔۔۔۔(ادارہ)

**شرح شمائل ترمذی کامل**۔ تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی، صفحات (جلد اول): ۶۴۰، (جلد ثانی): ۵۸۲، قیمت: درج نہیں، ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ برانچ، پوسٹ آفس، خالق آباد نوشہرہ (سرحد)۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی شہرۂ آفاق تالیف ''شمائل ترمذی'' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ اقدس کا خلاصہ وعطر ہے جس میں آپؐ کے شمائل وخصائل، حسن وجمال، انداز گفتار ورفتار، کیفیاتِ عبادات اور معمولاتِ روز و شب کا احاطہ کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعہ کے ساتھ ساتھ عشق ومحبت نبویؐ میں اضافہ محسوس ہوتا ہے۔ صدیوں سے مروج ومتداول اور شامل نصاب ہونے کی وجہ سے اب تک اس کی بیسیوں عربی، فارسی، اردو اور دیگر کئی زبانوں میں شروح لکھی گئی ہیں تاہم ہر گلے را رنگ وبوئے دیگر یست کے مصداق مولانا عبدالقیوم حقانی زیدمجدہم نے اس میں ایک مفید، دلنواز اور خوب صورت اضافہ فرمایا ہے۔ درسی انداز میں لکھی گئی ''شرح شمائل ترمذی'' کا پیرایۂ انداز صرف عالمانہ ومحدثانہ ہی نہیں عاشقانہ ووالہانہ بھی ہے۔ امید ہے کہ یہ شرح اساتذہ وطلبۂ حدیث کی درسی ضروریات کے لیے جامع اور اہل علم میں مقبولیت کی حامل ہوگی۔ کاغذ عمدہ کمپوزنگ وطباعت دیدہ زیب ہے۔

......☆☆☆......

**توضیح السنن شرح آثارالسنن (کامل)**۔ تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی، صفحات: (جلد اول) ۶۴۰، (جلد ثانی): ۷۱۴، قیمت مکمل سیٹ: ۵۰۰ روپے، ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ (سرحد)۔

''آثارالسنن'' علامہ ظہیر احسن نیمویؒ کی شاہکار تالیف ہے جس میں صحیح وحسن احادیث شریفہ سے احناف کثراللہ فیوضہم کے مسلک کو مبرہن کیا گیا ہے۔ اگر یہ کتاب مکمل ہو جاتی تو بہت سے کتابوں سے مستغنی کر دیتی۔ بہر حال اس کا جتنا حصہ لکھا گیا ہے، وہ بھی طلبۂ حدیث کے لیے بے بہا نعمت ہے۔ ''آثارالسنن'' کے رتبۂ عظیمہ کے پیش نظر اس کی ایسی ہی عظیم الشان شرح کی ضرورت تھی جس میں فقہی مسائل کی تحقیق وتشریح کے ساتھ فقہ حنفی کی توضیح، مستدلات اور اسرار وحکم کو بالتفصیل بیان کیا جاتا۔ مولانا عبدالقیوم حقانی زیدمجدھم نے ''توضیح السنن'' کے نام سے ایک مبسوط وجامع



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شرح تحریر فرما کر نہ صرف اس ضرورت کو پورا کیا بلکہ احناف پر احسان عظیم فرمایا، مذہب حنفی کی تقویت وتائید اور ترجیح کے لیے اس کا مطالعہ ان شاء اللہ کافی وافی اور شافی ہوگا۔ کاغذ، کمپوزنگ اور طباعت عمدہ ہے۔

......☆☆☆......

**سوانح حیات مولانا غلام غوث ہزارویؒ۔** تالیف: مولانا سید منظور احمد شاہ آسی، صفحات: ۵۱۲، قیمت: ۲۰۰ روپے، ناشر: مکتبہ انوار مدینہ جامع صدیق اکبرؓ محلہ صدیق آباد (اپر چھنئی) مانسہرہ۔

ضیغم احرار حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کی سیاسی وملّی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ آپؒ نے قیام پاکستان کے بعد جمعیۃ علماء اسلام کے اسٹیج سے نفاذِ اسلام کے لیے مجاہدانہ وقائدانہ کردار ادا کیا، تمام دینی، ملّی اور سیاسی تحاریک کے روح رواں رہے۔ فرقِ باطلہ کے تعاقب اور قادیانیت و رِفض کی سرکوبی کے لیے پوری توانائیاں صرف کیں۔ فقر وایثار، صبر واستقامت اور اخلاص وللّٰہیت کی ایک تاریخ رقم فرمائی۔ مولانا ہزارویؒ کے انداز سیاست سے اختلاف کی گنجائش ہے مگر اُن کا خلوص وایثار، زہد وتقویٰ، تواضع وعبدیت، بے نفسی وفنائیت، عشق رسولؐ اور اہتمام سنت شک وشبہ سے بالاتر ہے۔ اُن کے سخت ترین سیاسی مخالفین بھی اُن پر بدعنوانی، خیانت یا مالی مفادات اُٹھانے کا کوئی الزام ثابت نہیں کر سکے۔ متذکرہ بالا کتاب میں مولانا ہزارویؒ کی کتاب زندگی کے بہت سے ابواب پر روشنی پڑتی ہے۔ کاغذ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......

**منظرِ عالم۔** تالیف: مولانا حافظ محمد صدیق ارکانی، صفحات: ۴۸۰، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ احتشامیہ جیکب لائن، کراچی۔

مولانا حافظ محمد صدیق صاحب ارکانی جامعہ احتشامیہ کراچی کے استاذ اور جامعہ کے ماہنامہ ''حق نوائے احتشام'' کے مدیرِ منتظم ہیں۔ ''حق نوائے احتشام'' میں مولانا کے علمی وتحقیقی مضامین ومقالات تسلسل سے شائع ہوتے ہیں، جن میں فکر ونظر کے بہت سے گوشوں کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔ مولانا کو تاریخ وسوانح سے خاص مناسبت ہے اس لیے ان کے مقالات میں مؤرخانہ رنگ نمایاں ہوتا ہے اس سے قبل آپ کے ۱۸ مقالات پر مشتمل ایک مجموعہ ''جریدہ عالم'' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ ''منظرِ عالم'' میں ۲۲ مقالات ہیں جن میں تاریخ پاکستان پر ایک نظر، امریکہ تاریخ کے آئینے میں، تاریخ افغانستان اور تحریک طالبان اور تبدیلیٔ افغان پالیسی کے نتائج سمیت دیگر تمام مقالات اہل فکر ونظر کے لیے قابل مطالعہ ہیں۔ کاغذ، کمپوزنگ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......



© rasailojaraid.com